Before you Sign

ملازمت کا بیمہ

اس سے قبل کے آپ دستخط کریں، صوتی نشریات میں خوش آمدید۔ یہ صوتی نشریات اس لئے بنائی گئی ہیں تا کہ اس بارے میں آپ کی معلومات بہتر بنا سکیں کہ اونٹاریو کے صوبے میں آپ کے قانونی حقوق کیا ہیں۔ اگر آپ کو صحیح طور پر علم ہو کہ آپ کے حقوق اور ذمہ داریاں کیا ہیں تو آپ اپنے لئے چناؤ کر سکتے ہیں جو کہ کینیڈا میں آپ کی زندگی پر اثرانداز ہو سکتے ہیں۔ یہ جاننا بہت ضروری ہے کہ صوتی نشریات آپ کی صورت حال سے متعلق قانونی مشورہ کی حیثیت نہیں رکھتی، یہ محض عام قانونی مسائل سے متعلق معلومات فراہم کرنے کا ذریعہ ہیں جو آپ کی صورتِ حال پر لاگو ہو تے ہیں۔

آج ہم حکومت کے اُس پروگرام کے بارے میں بات کریں گے جسے ملازمت کے بیمے کے فوائد کہا جاتا ہے۔

ملازمت کے بیمے کے فوائد، ای آئی بھی کہلاتا ہے، وہ لوگوں کو مختلف حالات میں باقاعدہ فوائد مہیا کرسکتا ہے۔ اگر آپ کی ملازمت آپ کی بلاکسی غلطی کی وجہ سے جاتی رہی ہے کیوں کہ کام کی کمی تھی یا موسمی کارکنوں کی کٹوتی تھی اور آپ کام کے لئے موجود ہیں اور کام کر سکتے ہیں تو آپ ملازمت کے بیمے کے فوائد کے لئے درخواست دے سکتے ہیں۔ ای آئی اُن لوگوں کے لئے بھی ہے جنھیں بیماری میں فوائد کی ضرورت ہے اگر وہ بیمار ہیں ، زخمی ہیں یا بیماری کی حالت میں علیحدگی میں رکھے ہوئے ہیں اور وہ کام نہیں کر سکتے۔ اگر آپ حاملہ ہیں، آپ نے حال ہی میں بچے کو جنم دیا ہے، بچے کو اپنایا ہے یا نومولود کی نگہداشت کر رہے ہیں تو آپ دوران حمل اور پدران کے فوائد کے لئے بھی درخواست دے سکتے ہیں۔ نگہداشت فراہم کرنے کے فوائد اور رخصت بھی موجود ہیں اگر آپ کسی شدید بیمار یا زخمی شخص یا ایسا شخص جسے زندگی کے انجام کے دوران نگہداشت یا سہارے کی ضرورت ہے۔ خبردار رہیں کہ ان میں سے ہر ایک فوائد کی کچھ شرائط ہیں اور پیسے وصول کرنے سے پہلے اُن کا پورا کرنا ضروری ہے۔ اگر آپ کو اس بات کا یقین نہیں کہ آپ اُن فوائد کے لئے مستحق ہو سکیں گے تو اُس کا بہترین طریق کار یہ ہے کہ آپ درخواست دے دیں اور ملازمت کے بیمے کے فوائد فراہم کرنے والے لوگوں پر چھوڑ دیں کہ وہ آپ کے استحقاق پر غور کریں۔

اب ہم ملازمت کے بیمے کے فوائد کے متعلق بات کریں گے کیوں کہ جب آپ بے روزگار ہو جائیں گے تو اس کا اطلاق آپ پر یوگا۔ یہ ضروری ہے کہ جوں ہی آپ کام کرنا بند کردیں تو ای آئی فوائد کے لئے درخواست دیں۔ آپ اُس صورت میں بھی فوائد کے لئےدرخواست دے سکتے ہیں حتیٰ کہ آپ نے ابھی تک وصول نہیں کئے یا آپ کو علم نہیں کہ آپ کے آجر نے آپ کے روزگار کے ریکارڈ کے لئے درخواست دائر کر دی ہے جسے آر او ای بھی کہا جاتا ہے۔ اگر آپ اپنا دعویٰ دائر کرنے کے لئے کام کے آخری دن سے چار ہفتوں تک انتظار کرتے ہیں، تو آپ اپنے فوائد کو کھو سکتے ہیں۔

آپ ملازمت کے بیمے کے باقاعدہ فوائد کے مستحق ہو سکتے ہیں اگر آپ :

- آپ ایسے کام پر لگے ہوئے تھے جہاں آپ تنخواہ کی پرچی جو آپ کے کینیڈین ٹیکسز کا ریکارڈ رکھتی ہے وصول کرتے تھے۔
- آپ کا روزگار آپ کی بلاکسی غلطی کے تحت ختم ہوا ؛
- آپ 52 ہفتوں میں کم از کم 7 دن تک مسلسل بغیر کام کے اور بغیر اُجرت کے رہے ہیں ؛
- آپ نے گذشتہ 52 ہفتوں میں روزگار کے بیمہ کے گھنٹوں کی مطلوبہ گنتی تک کا کام کیا ہے یا جب سے آپ کےگذشتہ ای آئی دعویٰ کا آغاز ہوا ہے، جو بھی کم تر ہے ؛
- آپ تیار ہیں، رضامند ہیں اور ہر روز کام کرنے کے قابل ہیں ؛

Before you Sign

- آپ مستعدی کے ساتھ کام کے متلاشی ہیں اور آجروں سے اپنے رابطے کا تحریری ریکارڈ رکھ رہے ہیں بشمول جب بھی آپ نے اُن سے رابطہ کیا ہے۔

ممکن ہے کہ ان صورتوں میں آپ ملازمت کے بیمے کے فوائد حاصل نہ کر سکیں :

- اگر آپ اپنا کام بغیر کسی معقول وجہ کے چھوڑیں
- اگر آپ کو ملازمت سے اس وجہ سے فارغ کر دیا گیا ہے کہ آپ کو معلوم تھا کہ آپ نے کام پر کچھ غلط کیا ہے یا غیر قانونی کر رہے تھے۔
- آپ اس وجہ سے بے روزگار ہیں کیوں کہ آپ براہ راست مزدور کے جھگڑے میں ملوث ہیں (مثال کے طور پر، ہڑتال، تالہ بندی یا دیگر قسم کے جھگڑے)

آپ کو ملازمت کے بیمے کے فوائد کے لئے درخواست دینی چاہئے ، خواہ آپ کو یقین نہ بھی ہو کہ آپ اُس کے لئے اہل ہو ں گے- آپ کو اپنے روزگار کے خاتمے کے بعد جتنی جلد ممکن ہو سکے درخواست دے دینی چاہئے۔ یہ جاننے کےلئے کہ اپ کو فوائد مل سکتے ہیں آپ لازماً آن لائن www.canada.ca پر درخواست دیں- اس کی کاروائی کا آغاز صرف آن لائن درخواست دینے سے ہو سکتا ہے۔ اگر آپ کے پاس گھر میں انٹر نیٹ تک رسائی نہیں ہے تو آپ کسی قریبی سروس کینیڈا کے دفتر جاکر وہاں کمپیوٹر استعمال کر کے یا مقامی لائبریری کے عام انٹرنیٹ کی جگھوں پر جا کر سکتے ہیں۔ آپ کو آن لائن درخواست کو مکمل کرنے میں تقریباً 60 منٹ لگیں گے۔ اپنی درخواست کا آغاز کرنے سے پہلے آپ کو ان معلومات کی ضرورت ہو گی۔

- آپ کی والدہ کا کنوارے پن کا نام ؛

- آپ کا سوشل انشورنس نمبر -- اگر اس کا آغاز 9 نمبر سے ہوتا ہے، تو آپ کو اپنے امیگریشن کی حیثیت کا ثبوت اور کام کرنے کا اجازت نامہ ظاہر کر نا ہوگا ؛

- آپ کا رہائشی اور ڈاک کا پتہ مع پوسٹل کوڈز کے۔ اگر آپ کی رہائش جہاں آپ رہتے ہیں اُس پتہ پر نہیں ہے تو آپ پر لازم ہے کہ اپ سروس کینیڈا کے مرکز پر خود حاضر ہوکر درخواست دیں ؛ اور

- اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کی رقوم براہ راست آپ کے اکاونٹ میں جمع ہوں، تو آپ کے بینک کی مکمل معلومات، مع مالیاتی ادارے کا نام اور نمبر، برانچ نمبر اور آپ کا اکاونٹ نمبر۔ اگر آپ کو ان اکاونٹ نمبر کے بارے میں یقین نہیں تو آپ اپنے بینک کے کارکن کو کہہ سکتے ہیں کہ وہ آپ کے لئے اُس کو لکھ دے۔

وہ لوگ جو ملازمت کے بیمے میں کام کرتے ہیں، جوں ہی اُن کو آپ کی درخواست موصول ہوتی ہے وہ اس بات کا تعین کرسکتے ہیں کہ آیا آپ کو فوائد مل سکتے ہیں

ہمیں اُمید ہے کہ آپ کو یہ صوتی نشریات، بنیادی معلومات فراہم کرنے کا ایک اچھا ذریعہ لگا ہو گا کیوں کہ یہ اونٹاریو میں ملازمت کے بیمے کےپروگرام سے متعلق ہے۔

اگر اس موضوع سے متعلق ابھی بھی آپ کے ذہن میں کوئی سوال ہے تو برائے مہربانی آپ اُس خدمت کے دفتر یا ادارے سے رابطہ کریں جس نے آپ کو اس صوتی نشریات کے بارے میں بتایا تھا۔ اگر آپ کی رسائی کمپیوٹر تک ہے تو آپ settlement.org یا stepstojustice.ca پر جا کر مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کو پہلے سے معلوم ہے کہ آپ کو قانونی مشورہ ، مدد یا نمائندگی کی ضرورت ہے تو برائے مہربانی لیگل ایڈ اونٹاریو سے پیر سے جمعہ صبح 8 بجے سے شام 5 بجے (مشرقی معیاری وقت) تک اس نمبر 1-800-668-8258 پر رابطہ کر کے دنیا بھر کی 300 سے زائد زبانوں میں مدد حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ صوتی نشریات لا فاونڈیشن آف اونٹاریو (Law Foundation of Ontario) کے مالی تعاون سے پیش کی جا رہی ہیں اور وائی ڈبلیو سی اے تھامس- ایلجن (YWCA St. Thomas-Elgin) اس کے تمام مواد کی مکمل طور پر ذمہ دار ہے۔